سوال

(151) ملت اسلامیہ کس طرح متحد ہو سکتی ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اس دور میں ہم ملت اسلامیہ میں کس طرح اتفاق پیدا کر سکتے ہیں؟ حالانکہ ہم دیکھتے ہیں اور سنتے ہیں کہ روزانہ مسلمان اپنے مسلمان بھائیوں کو قتل کر رہے ہیں (مثلاً تنظیم آزادی فلسطین اور جو کچھ اس میں داخلی طور پر ہوتا ہے اور عراق ایران کا مسئلہ) اور ہماری بکھری ہوئی عرب قوم جو صرف اس بات پر متفق ہے کہ آپس میں متفق نہیں ہوگی۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

امت اسلامیہ میں اتحاد اسی چیز سے پیدا ہو سکتا ہے جس سے عہد نبوی میں پیدا ہوا تھا یعنی صحیح عقیدہ، سچا ایمان اور کتاب اللہ وسنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر عمل' اس کی طرف دعوت اور اس سلسلے میں آنے والی مشکلات پر صبر۔

وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْقُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی نَبِیَّنَا مُحَمَّدٍ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ

اللجنة الدائمة۔ رکن: عبداللہ بن قعود، عبداللہ بن غدیان، نائب صدر: عبدالرزاق عفیفی، صدر عبدالعزیز بن باز فتویٰ (۸۶۷۸)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ابن باز رحمہ اللہ

جلد دوم - صفحہ 163